**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 22.08.2024**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | گورنر جعفر مندوخیل کا ایران بس حادثے پر اظہار افسوس | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | میر ضیاء لانگو کی کامیابی کا نوٹیفکیشن معطل 7 پولنگ اسٹیشن پر دوبارہ الیکشن کا حکم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | ایران بس حادثے پر پوری قوم کو صدمہ میں ہے، بخت محمد کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | لوگوں کے مسائل گھر کی دہلیز پر حل کرنا ترجیح ہے، شعیب نوشیروانی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | بلوچستان وسندھ میں سیلاب متاثرین کی تفصیلات فراہم کی جائیں، بلاول بھٹو کو صادق عمرانی کو ہدایت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | ہسپتالوں کیلئے قواعد وضوابط کے مطابق ادویات کی خریداری کا فیصلہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | الیکشن ٹربیونل نے وزیر اعلیٰ بگٹی کے خلاف انتخابی عذرداری خارج کردی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | منکی پاکس کا شعبہ، کوئٹہ سے ایران جانے والے 3 زائرین قرنطینہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | دالبندین سے ملنے والی لاشیں افغان قونصلیٹ مستونگ میں مارے جانے والوں کی ورثاء کیحوالے کردی گئیں | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان میں سیلابی صورتحال ڈیرہ اللہ یار پانی میں ڈوب گیا، شہری محفوظ مقام پر منتقل، ایف سی طلب | آزادی ودیگر اخبارات |
| 11 | انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے کیلئے ہر آفیسر فعال کردار ادا کرے، نعیم بازئی، | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | جماعت اسلامی اہل بلوچستان کو ان کے آئینی حقوق دلائیگی، حافظ نعیم | مشرق ودیگر اخبارات |
| 13 | اسلامک انٹرنیشنل یونیورسٹی میں ہاسٹلز سے بیدخلی باعث افسوس ہے، پشتونخوا میپ | آزادی ودیگر اخبارات |
| 14 | مستونگ میں دہشتگردی کیخلاف آپریشن قابل تحسین ہے، منظور کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | چمن پرلت کو دھوکے سے ختم کرنے کی کوشش کی گئی، اصغر اچکزئی | باخبر ودیگر اخبارات |
| 16 | تین زائرین کے بعد کوئٹہ میں ایم پاکس کے پھیلاؤ کا خطرہ موجود ہے، جمعیت | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 17 | بلوچستان کے عوام کا پارلیمنٹ اور جمہوریت سے اعتماد ٹوٹ رہا ہے، ڈاکٹر مالک | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | بارش اور سیلاب متاثرین حکومتی امداد کے منتظر ہیں، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

پنجگور سیکورٹی فورسز کے ساتھ جھڑپ میں دو شرپسند ہلاک، دو اہلکار زخمی، قلعہ عبداللہ گلستان بازار میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک، واقعات وحادثات میں چار افراد جاں بحق، تین زخمی، کوئٹہ پولیس نے ایک ہفتے میں 87 ملزمان کو گرفتار کیا۔

## عوامی مسائل:

کوئٹہ کے مختلف علاقے گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہوگئے ہیں، شہری، کلی ملا عزت بسو کاریز سوران چھلگری کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم،

CS CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 22.08.2024

**اداریہ :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **"بلوچستان میں بارشوں اور سیلاب سے تباہی ،متاثرین کی بحالی کیلئے وفاقی ڈونرز کانفرنس کا انعقاد کرے!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں یکم جولائی سے شروع ہونے والی مون سون بارشوں نے مختلف اضلاع میں تباہی مچا دی ہے بارشوں سے 3 ہزار سے زائد افراد متاثر ہوئے ہیں ،صوبے بھر میں مختلف حادثات میں 19 افراد جاں بحق اور 11 زخمی ہوئے ہیں ،صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی جانب سے جاری اعداد وشمار میں بتایا گیا ہے کہ یکم جولائی سے اب تک مون سون بارشوں اور سیلابی ریلوں کے باعث 417 مکانات کو نقصان پہنچا ہے 124 گھر مکمل منہدم اور 293 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا ہے جبکہ بارشوں سے 97 ایکڑ پر فصلیں اور 31 کلومیٹر سڑکیں متاثر ہوئیں 6 پلوں کو جزوی طور پر نقصان پہنچا ہے جبکہ بارشوں کے دوران 120 مویشی ہلاک ہوئے ہیں ،گزشتہ روز نیشنل ڈیزاسٹر اتھارٹی نے ملک بھر میں یکم جولائی سے 17 اگست تک ہونے والی موسلا دھار بارشوں سے ہونے والے نقصانات کی رپورٹ جاری کی تھی حالیہ بارشوں سے صوبے کے 16 اضلاع شدید متاثر ہوئے ہیں جہاں امدادی سرگرمیاں جاری ہیں ،صوبائی حکومت نے قلات ،زیارت ،آواران ،کچھی ،لورالائی ،صحبت پور اور لسبیلہ کے اضلاع کی کئی یونین کونسلوں کو آفت زدہ قرار دیتے ہوئے ایمرجنسی نافذ کردی ہے سب سے زیادہ بارش قلات میں 48 ملی میٹر ،اوستہ محمد میں 34 ملی میٹر ،سبی میں 21 ملی میٹر ،کوئٹہ اور خضدار میں 10 ملی میٹر جبکہ ژوب اور چمن میں 9 ملی میٹر ریکارڈ کی گئی بلوچستان نیشنل ہائی وے اتھارٹی حکام کے مطابق شمالی بلوچستان کی تمام قومی شاہراہیں ہر قسم کی ٹریفک کے لئے کھلی ہے جبکہ اتھارٹی سیلابی پانی سے ہونے والے نقصان کے ازالے کیلئے 24 گھنٹے کام کررہی ہے،

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Losing Polio's grip" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "BPSC results delay fueling suspicions" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے **"قلات ڈویژن :صحت، تعلیم اور امن عامہ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا ،محمد نعیم خان بازئی کمشنر قلات کے مختلف اضلاع کے دوروں کا احاطہ کرتی خصوصی رپورٹ** " کے عنوان سے عبداللہ شاہوانی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ زمانہ ،قدرت اور باخبر کوئٹہ نے **"کوئٹہ ڈویژن کی بہتری کے لئے اٹھائے گئے اقدامات** " کے عنوان سے ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفس کوئٹہ کا رپورٹ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے **"بلوچستان میں مون سون کی تباہ کاریاں** " کے عنوان سے خلیل احمد کا مضمون تحریر کیا ہے

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 22 AUG 2024 Page No. 1


## گورنر جعفر مندوخیل کا ایران بس حادثے پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) گورنر جعفر خان مندوخیل نے پاکستانی زائرین کی بس کو دہشیر تفتان چیک پوائنٹ کے قریب آگ لگنے کے نتیجے میں 35 زائرین کے شہید اور متعدد کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم زائرین کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

Century Express Quetta

## 35 زائرین کی شہادت انتہائی افسوسناک سانحہ، گورنر

### تمام شہید اور زخمی ہونے والوں کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پاکستانی زائرین کی بس کو دہشیر تفتان چیک پوائنٹ کے قریب آگ لگنے کے نتیجے میں 35 زائرین شہید اور متعدد زخمی ہو جانے پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ تمام (باقی صفحہ 5 نمبر 15)

شہید اور زخمی ہونے والے زائرین کے اہل خانہ کے غم میں ہم برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے اس المناک حادثے میں شہداء کی مغفرت، زخمیوں کی جلد صحت یابی اور سوگوار خاندانوں کو صبر و ہمت عطا کرنے کی دعا کی۔



کوئٹہ: گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

Balochistan Time Quetta

## Governor grieved over death of pilgrims

**Staff Report**

**QUETTA:** Governor Balochistan Jaffar Khan Mandukhail expressed his deep grief over the loss of 35 pilgrims and several injured as a result of the fire on the bus of Pakistani pilgrims near Dasheer Taftan check point on Wednesday.

In his condolence statement, Governor Balochistan said that we shared the grief of the families of all the martyred and injured pilgrims. He also prayed for forgiveness of the martyrs in this tragic accident and the speedy recovery of the injured and patience and courage to the bereaved families.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 22 AUG 2024 Page No. 2

## لوگوں کے مسائل گھر کی دہلیز پر حل کرنا ترجیح ہے‘ شعیب نوشیروانی

**حکومت کے اقدامات بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کر رہے ہیں‘ گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ لوگوں کے مسائل ان کے دہلیز پر حل کرنا میرا نصب العین ہے مجھے اپنے حلقے اور صوبے کے لوگوں کے مسائل کا بخوبی ادراک ہے انہوں نے اپنے دفتر میں وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی سربراہی میں یہ تہیہ کیا ہے کہ صوبے کی پسماندگی دور کرنا اور عوامی مسائل کا حل ہم سب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے تاکہ بلوچستان دیگر صوبوں کی طرح زندگی کے ہر شعبے میں ترقی کے راہ پر گامزن ہو۔

## ایران: بس حادثے پر پوری قوم صدمہ میں ہے، بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بخت محمد کاکڑ نے ایران میں بس حادثے میں 35 زائرین کی شہادت اور متعدد کے زخمی ہونے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ انہوں نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ "یہ المناک حادثہ پوری قوم کے لیے ایک عظیم صدمہ ہے۔ ہم زائرین کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور متاثرہ خاندانوں سے تعزیت کرتے ہیں۔ انہوں نے شہدا کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان و سندھ میں سیلاب متاثرین کی تفصیلات فراہم کی جائیں

**بلاول بھٹو کی صادق عمرانی کو ہدایت**

**پانی کی تقسیم کے فارمولے پر سندھ اور بلوچستان کی جانب سے ارسا کے پلیٹ فارم پر ایک موقف اپنایا جائے، چیئرمین پیپلز پارٹی**

**بلوچستان میں سیلابی صورتحال پر بروقت اقدامات اٹھائے، جس کی بدولت ماضی کی طرح زیادہ شکایات موصول نہیں ہوئیں، میر صادق عمرانی**

**سیکریٹری اریگیشن اور چیف انجینئر روزانہ کی بنیاد پر وزیر آبپاشی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کو رپورٹ کر رہے ہیں، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے گزشتہ روز ویڈیو لنک کے ذریعے ایک اہم اجلاس کی صدارت کی، اجلاس میں کوئٹہ سے صوبائی وزیر آبپاشی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن میر محمد صادق عمرانی نے جبکہ کراچی ......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

سے صوبائی وزیر آبپاشی سندھ جام خان شورو نے شرکت کی، اس موقع پر اجلاس میں صوبائی وزیر میر صادق عمرانی اور سندھ کے صوبائی وزیر جام خان شورو نے اپنے محکموں کی کارکردگی کے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا، واضح رہے کہ مذکورہ بالا اجلاس کا مقصد چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سربراہی میں ملک میں پانی کی تقسیم کے فارمولے پر سندھ اور بلوچستان کا ارسا کے پلیٹ فارم پر ایک موقف اپنانے پر اتفاق کرنا تھا اور اجلاس میں بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت پر ارسا معاہدے کے مطابق دونوں صوبوں نے ایک ہی موقف اختیار کیا جبکہ صوبہ بلوچستان ارسا فارمولے کے تحت سندھ کے ہر موقف کی تائید کرے گا، اس موقع پر چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے مون سون کی بارشوں سے سندھ اور بلوچستان میں سیلابی ریلوں کی وجہ سے ہونے والے نقصانات اور کی جانے والی اقدامات کے بارے میں تفصیلات طلب کی تو دونوں وزراء نے بلاول بھٹو زرداری کو تیز بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے ہونے والے نقصانات اور محکمہ آبپاشی کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کے بارے میں تفصیلات سے انہیں آگاہ کیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 22 AUG 2024

Page No. 6

## چمن پرلت کو دھوکے سے ختم کرنے کی کوشش کی گئی، اصغر اچکزئی

### تمام سیاسی جماعتیں شرکا کے جائز مطالبات کے حق میں انہیں سپورٹ کریں، چمن میں خطاب

چمن (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ آئیں سب مل کر چمن پرلت کے شرکا کے جائز مطالبات کے حق میں انہیں سپورٹ کریں، چمن پرلت کسی فرد جماعت کی خواہش نہیں بلکہ لاکھوں افراد کی روزی کا سوال ہے، ہم یہ عہد کرتے ہیں کہ اس سٹیج سے کسی سیاسی رہنما مذہبی پیشوا کے خلاف بات نہیں کی جائیگی، پرلت کمیٹی اپنی صفوں میں مکمل یکسوئی پیدا کرے کیونکہ مد مقابل قوت انتہائی چالاک ہے جس طریقے سے پرلت کمیٹی کے ذمہ داران کو گرفتار کیا گیا ان پر تشدد کے بعد ان کیساتھ وعدہ کرکے مکر گئے تو ایسی صورتحال میں ہماری آپس کی بدگمانی ہمیں مزید کمزور کرنے کا باعث بنے گی، ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں ڈیورنڈ لائن پر آمدورفت تجارت پرلت شروع ہونے سے پہلے والی صورت میں بحال کرا کے دم لیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چمن میں ڈیورنڈ لائن سے متصل طویل ترین پرلت دھرنے کے شرکا سے خطاب میں کیا۔ اصغر خان اچکزئی نے چمن پرلت کے شرکا کو طویل دھرنے پر خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکمران آپ کے اس احتجاج کو سمگلنگ کا نام دیتے ہیں، بھائیو یہ سمگلنگ نہیں یہ ایک قوم کی تاریخی ثقافتی معاشی رشتوں کی بیخ کنی کا منصوبہ ہے۔ وہاں سے رائج نظام سے یہاں کے باسی ایک دوسرے کے غم خوشی میں شامل ہوتے تھے کسی کو کسی سے کوئی خطرہ نہیں تھا اب اچانک کونسی قیامت ٹوٹ پڑی کہ ایک دم 77 سال سے جاری رائج نظام کو ختم کیا جارہا ہے، انہوں نے کہا کہ چمن پرلت کو دھوکے سے ختم کرنے کی جو کوشش کی گئی حکمران دیکھیں کہ تعداد پہلے سے زیادہ لوگ یہاں موجود ہیں یہ کسی ایک فکر جماعت زئی اور خیل کے لوگ نہیں بلکہ ان لاکھوں خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں جن کے گھر کے چولہے بجھ چکے اور وہ فاقہ کشی پر مجبور ہیں۔

## مستونگ میں دہشتگردوں کیخلاف آپریشن قابل تحسین ہے، منظور کاکڑ

### قیام امن کیلئے حوصلے پہاڑوں کی مانند مضبوط اور قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) بی اے پی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور احمد کاکڑ نے مستونگ میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے شہید ڈی سی پنجگور ذاکر بلوچ کے قتل میں ملوث دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچانے پر فورسز کی کارکردگی کو سراہا اور کہا ہے کہ امن و امان کی بحالی میں سیکورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں، عوام، افسران کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، دشمن کو یہ پیغام دیتے ہیں کہ پاک دھرتی کی حفاظت مضبوط ہاتھوں میں ہے دہشت گردوں کا قلع قمع کرنے کے لیے سیکورٹی فورسز کی قربانیاں اور کارکردگی قابل تحسین ہے دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں پاک فوج، پولیس، ایف سی، لیویز سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں اور افسران کے حوصلے پہاڑوں کے مانند مضبوط ہے۔

## 3 زائرین کے بعد کوئٹہ میں ایم پاکس کے پھیلاؤ کا خطرہ موجود ہے، پشتونخوامیپ

### حکومت اور محکمہ صحت اس وائرس سے بچاؤ کیلئے حفاظتی اور بنیادی اقدامات اٹھائے، شراف آغا، سعید کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، ضلع سینئر معاونین سعید خان کاکڑ، جمشید خان دوتانی، ولی بریالی، نصیر احمد کاکڑ، مالیات سیکرٹری ڈاکٹر نواب اچکزئی، اطلاعات سیکرٹری فیصل کاکڑ، آفس سیکرٹری نصیب اللہ نیازی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اخباری بیانات اور سوشل میڈیا کے مطابق ملک کے مختلف صوبوں و شہروں سے ایران جانیوالے زائرین کے تین افراد منگی پاکس کا شکار ہوئے ہیں جنہیں قرنطینہ کردیا گیا ہے اور اس طرح کوئٹہ شہر میں منگی پاکس کے پھیلاؤ کا خطرہ اب بھی موجود ہے، حکومت بالخصوص محکمہ صحت اس وائرس سے بچاؤ کیلئے حفاظتی اور بنیادی اقدامات اٹھائے۔ بیان میں کہا گیا کہ اس سے قبل ضلع چمن میں ہیضے کی وباء پر قابو نہیں پایا جاسکا جس کے باعث سینکڑوں لوگ آج بھی متاثر ہیں اگر یہ وائرس یہاں پھیل گیا تو خدانخواستہ بڑی تعداد میں لوگ متاثر ہونگے۔ بیان میں کہا گیا کہ کوئٹہ جس کی آبادی اس وقت 30 لاکھ سے زائد ہے اور ہسپتالوں میں صوبے سے مریضوں اور شہریوں کا آنا ہوتا ہے، خوف و ہراس پھیلانے کی بجائے محکمہ صحت منگی پاکس سے بچاؤ کیلئے حفاظتی اور بنیادی اقدامات اٹھائے تاکہ ہسپتالوں، تعلیمی اداروں، بازاروں سمیت ہر آبادی والے مقام پر اس وائرس سے عوام کے بچاؤ کو یقینی بنایا جاسکے۔

MASHRIQ QUETTA

## نوجوانوں کو مواقع دیے بغیر ملک ترقی نہیں کرسکتا، نوابزادہ جمال رئیسانی

### نوجوانوں کی آبادی 67 فیصد سے زائد، یوتھ پالیسی کا پہلا مقصد تعلیم کا فروغ ہے

### پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے نوجوانوں کو ترقی دیں گے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ سیرینا ہوٹل میں بلوچستان میں نوجوان اور بے روزگاری کے چیلنجز کی مناسبت سے سیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں ایم این اے نوابزادہ جمال رئیسانی کا اور صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی نے سیشن کو چیئر کیا۔ ڈاکٹر خدیجہ بازئی، بی ای او ترقی فاؤنڈیشن امجد رشید، چیئرپرسن نیو ٹیک محمد بلال کی شرکت کی۔ سیشن سے نوابزادہ جمال خان رئیسانی نے کہا کہ نوجوانوں کو مواقع دیے بغیر ملک ترقی نہیں کرسکتا۔........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ہے یوتھ پالیسی کا مطلب نوجوانوں کیلئے ایکشن پلان مرتب کرنا ہے۔ نوجوانوں کی آبادی 67 فیصد سے زائد ہے، یوتھ پالیسی کا پہلا مقصد تعلیم کا فروغ ہے، نوجوانوں کی کیریئر کونسلنگ اور کھیلوں کا فروغ ہے، ہم دینی مدارس کے طلبا کو بھی یوتھ پالیسی سے مستفید کرانا چاہتے ہیں، ہم یوتھ ڈیولپمنٹ کمیشن کی تشکیل کا پروگرام بھی بنا رہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 22 AUG 2024 Page No. 7

## پنجگور،سیکورٹی فورسز کیساتھ جھڑپ میں 2 شرپسند ہلاک، 2 اہلکار زخمی

**چتکان غریب آباد میں گشتی ٹیم پر حملے کے بعد شدید فائرنگ کا تبادلہ، پورا علاقہ گونج اٹھا، لاشیں ہسپتال منتقل، سیکورٹی ذرائع**

پنجگور (نامہ نگار) چتکان غریب آباد کے مقام پر سیکورٹی فورسز اور مسلح افراد کے درمیان گزشتہ رات کے جھڑپوں میں دو شرپسند ہلاک جبکہ دو سیکورٹی اہلکار زخمی ہو گئے، سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز کی گشتی ٹیم چتکان غریب آباد کے علاقے میں معمول کے گشت پر تھی کہ مسلح افراد نے ان پر فائرنگ کر دی، سیکورٹی فورسز نے حملہ آوروں کی تعاقب کیا جو ایک رہائشی کوارٹر میں چھپ گئے، فورسز نے رہائشی کوارٹر کا گھیراؤ کر لیا جس کے بعد مسلح افراد اور سیکورٹی فورسز کے درمیان رات گئے تک شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس میں دو شہر پسند ہلاک جبکہ شر پسندوں کی فائرنگ سے لانس نائیک جاوید اور سپاہی محمد یونس زخمی ہو گئے۔ سیکورٹی فورسز نے لاشوں اور سیکورٹی فورسز کی زخمیوں کو ایف سی ہسپتال منتقل کیا گیا جنہیں بعد میں پولیس کے حوالے کر کے شناخت کیلئے ٹیچنگ ہسپتال منتقل کیا گیا، رات گئے فائرنگ اور گولہ باری دھماکوں سے پورا پنجگور گونج اٹھا جس سے علاقہ مکین شدید خوف ہراس میں مبتلا رہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق آپریشن کلیئر ہونے کے بعد ان کے گھروں سے گولے اور گولیوں کے متعدد پرزے اور خول برآمد ہو ہوئے ہیں ایک گھر کو بھی نقصان ہونے کی اطلاع ہے۔ پولیس اور بم ڈسپوزل اسکواڈ نے جائے وقوعہ کا دورہ کر کے متعدد گولے ہینڈ گرینیڈ اور خول برآمد کر لئے جس کی تفتیش اور تحقیقات پنجگور پولیس کر رہی ہے، مرنے والے ایک شخص کی شناخت ممتاز احمد ولد ملا عبدالمجید ساکن ناگ ضلع واشک سے ہوئی ہے جبکہ دوسرے کی شناخت تاحال باقی ہے۔

## قلعہ عبداللہ: گلستان بازار میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) گلستان بازار کے قریب فائرنگ سے ایک شخص حق نواز آغا ولد محمود آغا موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ فائرنگ کے بعد لیویز نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کیا جبکہ ملزمان کی گرفتاری کیلئے علاقے کی ناکہ بندی کر دی گئی۔ واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ بتایا جا رہا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## واقعات وحادثات میں 4 افراد جاں بحق، تین زخمی

**گلستان میں فائرنگ، بی اور قلعہ سیف اللہ میں کرنٹ لگنے سے دو چل بسے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں واقعات اور حادثات میں چار افراد جاں بحق جبکہ تین زخمی ہو گئے بلوچستان کے ضلع حب میں ٹریفک حادثے میں 45 سالہ منیر جاں بحق ہو گیا۔ قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان کاریز میں حق نواز آغا نامی شخص کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ بی کے کلی ابڑو میں احمد شعیب نامی شخص اور قلعہ سیف اللہ میں محمد (باقی صفحہ 5 نمبر 46) خان عرف آغا جان بجلی کے کرنٹ لگنے سے چل بسے گوادر میں گاڑی اور رکشہ میں ہونے والے تصادم کے نتیجے میں رکشہ کا ڈرائیور اور دو خواتین زخمی ہو گئیں جنہیں جی ڈی اے اسپتال منتقل کیا گیا جبکہ پولیس نے گاڑی کو تحویل میں لیکر ڈرائیور کو گرفتار کر لیا۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ پولیس نے ایک ہفتے میں 87 ملزمان کو گرفتار کیا

**2 مغوی خواتین بازیاب، 13 موٹر سائیکلیں، 1 رکشہ، 1 ٹریکٹر ٹرالی برآمد کی**

**15 پسٹل وایمونیشن سمیت 12 ہزار 210 کلو منشیات برآمد کر کے قبضے میں لی**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے اشتہاری مفرور منشیات فروشوں، چوروں، اغواہ کاروں، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں، موٹر سائیکل چھیننے والے اور چوری کرنے والوں کے خلاف جاری مہم کے دوران ایک ہفتے میں 87 ملزمان کو گرفتار کر کے 2 مغوی خواتین کو بازیاب کرا کر 13 موٹر سائیکلیں، 1 رکشہ، 1 ٹریکٹر ٹرالی، 15 پسٹل اور ایمونیشن سمیت 12 ہزار 210 کلو منشیات برآمد کر کے قبضے میں لئے ڈی آئی جی پولیس اعتزاز ......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

احسن گورایہ اور ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ کیپٹن (ر) محمد بلوچ کی خصوصی ہدایت پر تھانہ صدر ڈویژن نے تھانہ صدر اور بروری نے کارل خان، ملزم الس عرف لیش، لیاقت، علی محمد کے قبضے سے تقریباً 6 کلو سے زائد چرس اور آئس برآمد کر کے قبضے میں لے لی اس کے علاوہ صدر ڈویژن کے علاقوں تھانہ صدر، خروٹ آباد، بروری، ایئرپورٹ، تھانہ شہید جمیل کاکڑ، کچلاک، پنجپائی، تھانہ نیو کچلاک کے عملے نے نان کسٹم پیڈ گاڑیاں، اشتہاری مفرور اور موٹر سائیکل چھیننے چوری کرنے سمیت دیگر جرائم میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا اسی طرح سریاب ڈویژن نے تھانہ سریاب، شالکوٹ، نیو سریاب، کیچی بیگ، شہید منظور ترین، شہید عبدالحق، سیٹلائٹ ٹاؤن کے عملے نے مفرور مطلوب، اشتہاری ملزمان کے علاوہ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے بڑی مقدار میں منشیات، اسلحہ ایمونیشن اور ایک ٹریکٹر ٹرالی، موٹر سائیکلیں برآمد کیں۔ سٹی ڈویژن کے تھانوں نے تھانہ سٹی، تھانہ بجلی روڈ، تھانہ سول لائن، تھانہ جناح ٹاؤن کے عملے نے اشتہاری، مفرور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سروقہ موٹر سائیکلیں، گاڑی اور اسلحہ قبضے میں لیا اس کے علاوہ قائد آباد ڈویژن کے تھانوں تھانہ قائد آباد، تھانہ گوالمنڈی، تھانہ پشتون آباد، تھانہ انڈسٹریل کے عملے نے اشتہاری مفرور ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے سروقہ رکشہ، موٹر سائیکل برآمد کرنے کے علاوہ منشیات، اسلحہ ایمونیشن برآمد کر کے قبضے میں لیا ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 5 Dated: 22 AUG 2024 Page No. 8


# کوئٹہ کے مختلف علاقے گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو گئے ہیں، شہری

ہر طرف نالیوں اور گٹروں کا پانی سڑکوں پر بہتا دکھائی دیتا ہے، بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں

نجیب اللہ اچکزئی، سوکل، راشد بلوچ، محمد صابر کاکڑ، سید عطااللہ سمیت تاجروں کی مشرق سروے ٹیم سے بات چیت

کوئٹہ (انعیاد پورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گندگی کے ڈھیر میں اضافہ، جگہ جگہ نالے بند، گٹروں کے پانی سڑکوں پر بہنے لگا، بلدیاتی نظام تباہ حالی کا شکار، متعدد جگہوں پر بدبو پھیلنے لگا، شہر کوئٹہ کی حالت یہ ہے تو باقی نواحی علاقوں کی کیا حال ہوگی، اس پر چیف جسٹس

اطراف، عبدالستار روڈ، جان محمد روڈ و دیگر علاقے جو اس وقت گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکے ہیں پورا شہر کے مین مرکز اور کاروباری علاقے ہیں، بدقسمتی سے بلدیاتی نظام صفائی ستھرائی اور شہر کے تزئین و آرائش کے حوالے سے اس وقت مفلوج ہو ل ہے، جب سے میں میٹروپولیٹن کارپوریشن

تمام تر صورتحال پر وزیراعلیٰ بلوچستان، سیکرٹری بلدیات اور دیگر اعلیٰ حکام نوٹس لیکر شہریوں کے شکایت کا ازالہ کرے، اس سلسلے میں کوئٹہ کے شہریوں نے شکایت کی ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن گزشتہ تین ہفتوں سے کوئی کام نہیں کرتی متعدد علاقے کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکے ہیں رہائشی



بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس ہاشم خان کاکڑ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان قادر خان، صوبائی وزیر بلدیات، سیکرٹری بلدیات، کمشنر ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ اور دیگر اعلیٰ حکام نوٹس لیکر کوئٹہ شہر و نواحی علاقوں کا وزٹ کرے بصورت دیگر کوئٹہ کے شہری گندگی کے ڈھیر اور بدبو کی وجہ سے سخت احتجاج پر مجبور ہونگے، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے نجیب اللہ اچکزئی، سوکل، راشد بلوچ، محمد صابر کاکڑ، سید عطا اللہ سمیت متعدد تاجروں، دوکانداروں، راہگیروں و دیگر نے بتایا ہے کہ کوئٹہ شہر کے اکثر علاقوں فاطمہ جناح روڈ، سعدات روڈ، سنڈیمن سکول کے دونوں

کے معتبر ذرائع سے بات کی تو انہوں نے بتایا ہے کہ ہماری گاڑیاں، مشینری اور لیبر کو نجی والے لے گئے ہیں متعدد ہمارے ملازمین کو جو 1400 سے کنٹریکٹ پر کام کر رہے تھے حکومت نے فارغ کیا ہے اس سے حقیقت میں کوئٹہ شہر سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے ایک جانب حکومت بڑی تعداد میں آسامیاں تخلیق نہیں کر سکی تو دوسری جانب کنٹریکٹ بنیادوں پر کام کرنے والے ملازمین کو ایک ہی دن میں ایک ہی نوٹیفکیشن کے ذریعے فارغ کیا گیا ہے اس وقت حقیقت میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شکایات درج کرائی ہے لیکن ہمارے پاس نہ ذرائع ہے اور نہ ہی کام کرنے کیلئے لیبر ہے اس

علاقے تو در کنار اب شہر کوئٹہ کی حالت یہ ہوئی کہ کسی کو پتہ ہوگا لہٰذا ارباب اختیار کوئٹہ شہر کے عوام اور رہائشی علاقوں پر رحم کرتے ہوئے کوئٹہ شہر کی خوبصورتی اور ان کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات کرے تاکہ شہری پرسکون زندگی گزار سکے، کچرے کے ڈھیر کی وجہ سے اکثر علاقوں کے مکین عذاب میں مبتلا ہو گئے ہیں حشرات الارض، لال بیگ، مچھر اور مکھیوں میں اضافہ ہوا ہے جس نے شہریوں حرام کر دی ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن فوری طور پر بھرپور مہم شروع کرائی جائے تاکہ مچھروں سے بھی نجات مل سکے۔

# کلی ملا عزت بسوکاریز سوران چھلگری کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم

استاد نہ ہونے کی وجہ سے اسکول گزشتہ آٹھ سالوں سے بند ہے، ہمارے بچوں اور بچیوں کی تعلیم بری طرح متاثر ہو رہی ہے

کئی بار آواز اٹھائی ہے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی، کسی سے انصاف مانگیں، ڈپٹی کمشنر دالبندین ڈاکٹر بریگیڈیئر سے اپیل کی ہے کہ

کے تے حکام بالا سے باز پرس کی جائے تاکہ | ہمارے بچے اور بچیاں بھی تعلیم حاصل کر سکیں۔

دالبندین (آن لائن) بلیاں کلی ملا عزت بسوکاریز سوران چھلگری کے مکینوں نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے ہمارے اسکول میں استاد اور بچے نہ ہونے کی وجہ سے 2017 سے گزشتہ آٹھ سالوں سے ہمارا اسکول بند پڑا ہے ہمارے بچوں اور بچیوں کی تعلیم بری طرح متاثر ہو رہے ہمارے بچے تعلیم حاصل کرنے سے محروم ہیں ہمارے بچے تعلیم کی زیور سے محروم ہو چکے ہیں حالانکہ ہمارے گاؤں میں اسکول کی بلڈنگ بھی موجود ہے اور گاؤں میں بچے اور بچیاں بھی کافی تعداد میں بھی موجود ہیں اس وقت سینکڑوں کے حساب سے گاؤں اور اطراف کے بچے اور بچیاں تعلیم حاصل کرنے سے گزشتہ آٹھ سالوں سے محروم ہو چکے ہیں ہم نے کئی دفعہ اس بارے میں آواز اٹھائی ہے کوئی شنوائی اور کوئی نہیں کی گئی ہے ہم کہاں جائیں کسی سے انصاف مانگیں گی، علاقہ کے مکینوں اور دالبندین نے کوئٹہ دالبندین ڈاکٹر بریگیڈیئر سجاد علی سے استدعا کی ہے کہ ہمارے بچوں کو تعلیم کی زیور سے آراستہ کی

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 8

Dated: 22 AUG 2024 Page No. 9

# Losing polio's grip

The detection of another poliovirus case in Balochistan is a stark reminder of the province's fragile health infrastructure and the challenges it faces in eradicating this debilitating disease. Despite efforts to combat polio, the virus continues to persist, putting the lives of thousands of children at risk. A 23-month-old girl in Balochistan's Kharan district was diagnosed with poliovirus a day after her death, taking the tally of this year's cases to 15. The victim, a resident of Union Council South City-A in Kharan tehsil, died on August 19 at a hospital in Quetta. The child developed a high-grade fever, along with paralysis of both lower limbs and neck muscles, on July 31. The family treated the child at home for five days and then took her to a local informal healthcare provider on Aug 4. Three days later, on Aug 7, the child was taken to a private hospital where she was notified as a suspected case of poliovirus. The patient had no history of intramuscular injection, usually a shot in the arm in the last 24 hours prior to the onset of paralysis. No travel history of the child has been reported prior to the onset of the virus.

Sadly, Balochistan remains an epicentre of the disease, with 12 cases reported from eight districts Dera Bugti, Chaman, Qila Abdullah, Quetta, Jhal Magsi, Zhob, Qila Saifullah and now Kharan.

It seems Pakistan is the only country, apart from war-ravaged Afghanistan, where the wild poliovirus continues to circulate. The government and the authorities remain unable to ensure compliance from vaccine-rejecting segments of the population. Somewhere, somehow, the authorities will have to put their foot down. It is unacceptable that the number of children being disabled by an entirely preventable disease continues to rise while the government fails to rein in or penalise elements spreading spurious rumours and encouraging vaccine rejection.

The government must put an immediate end to the targeting of polio workers, who already risk much to do an immense public service. No polio worker should have to worry about losing life or limb as they work to protect the children of this country.

The government needs to demonstrate much more resolve for eradicating polio than it has been lately. Time is of the essence. The government and health authorities must take immediate action to address these challenges and ensure that the polio eradication campaign is strengthened. Our children deserve nothing less than a polio-free future, and it is within our reach to make this a reality.

CamScanner

p-1

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 22 AUG 2024 Page No. 10

# BPSC results delay fueling suspicions

Delay in the announcement of PCS examination results is a critical inflection point for Balochistan. It implores us to reevaluate our approach to civil service recruitment. By embracing comprehensive reforms and advocating for a more systematic and efficient process, we can pave the way for a stronger bureaucracy that is better equipped to meet the needs of its citizens. The call for reform must resonate with urgency, for the future of Balochistan's public service delivery depends on it. The recent delay in announcing the results of the Provincial Civil Service (PCS) examinations held last November in Balochistan, particularly for the coveted posts of Assistant Commissioner, Section Officer, and Deputy Superintendent of Police (DSP), has raised serious questions about the efficiency and operational integrity of the Balochistan Public Service Commission (BPSC). As aspiring candidates await the results with bated breath, it becomes increasingly apparent that the current system is fraught with challenges that necessitate urgent reforms. The BPSC's inability to release results in a timely manner is not an isolated incident but rather reflective of a broader malaise in the civil service recruitment process in Balochistan. The PCS examinations were conducted after an unsettling gap of three to four years, leaving candidates in a state of uncertainty and anxiety. The extended interlude not only disrupts the candidates' academic progression and career plans but also undermines the credibility of the entire process. If the system is designed to cultivate competent public servants, such inefficiencies are alarming. One of the most concerning aspects of the PCS exams is the inadequacy of the information provided to candidates. For certain subjects, the only guidance available is a vague statement indicating, "As per degree requirements." Such ambiguity is unacceptable, particularly for candidates who invest substantial time and resources preparing for these exams. A well-defined syllabus is essential for candidates to structure their study effectively and pursue their aspirations with clarity and confidence. The absence of clear guidelines not only breeds confusion but also indicates a disorganized approach to civil service recruitment that ultimately harms the quality of candidates entering the bureaucracy.

Operational model of the PCS in Balochistan appears outdated and in dire need of modernization. The unpredictability of exam dates and the prolonged intervals between recruitment cycles hinder the aspirations of motivated individuals who wish to serve their province. A

CamScanner

D-2

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 22 AUG 2024 Page No. 11

well-functioning civil service is integral to public service delivery; therefore, introducing a streamlined, reliable schedule for examinations is vital. Establishing a clear timeline can not only facilitate better preparation among candidates but also enhance public trust in the recruitment process. To mitigate these issues, a shift toward a Provincial Management System (PMS), similar to those in other provinces, should be considered. The PMS offers a more unified and simplified framework for candidate selection, providing a clearer pathway for aspirants and ensuring transparency in the process. By adopting such a system, Balochistan could significantly improve candidate experience, reduce confusion regarding syllabi, and maintain a predictable schedule for examinations. A reform in this direction would furnish candidates with the required clarity about the exams, thereby attracting a more diverse pool of talent to serve in public office.

The overarching theme in these proposed reforms must be the commitment to strengthening the bureaucratic framework of Balochistan. A competent and well-structured civil service is essential for effective governance and public service delivery. By addressing the systemic flaws in the PCS examinations and placing candidates within a more coherent framework, we can enhance the efficiency, accountability, and responsiveness of our bureaucracy. A modernized and effective civil service system can be the bedrock upon which Balochistan builds its future. It is not merely about filling positions; it is about fostering a generation of public servants dedicated to the welfare of the community. Reforming the PCS must go hand-in-hand with a concerted effort to engage with the bureaucratic apparatus at large, ensuring that these changes resonate throughout the governance structures of Balochistan.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 22 AUG 2024 Page No. 12


# قلات ڈویژن: صحت، تعلیم اور امن عامہ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، محمد نعیم خان بازئی

## کمشنر قلات ڈویژن کے مختلف اضلاع کے دوروں کا احاطہ کرتی خصوصی رپورٹ

سینئر بیوروکریٹ محمد نعیم خان بازئی اس وقت کمشنر قلات ڈویژن کے عہدے پر فائز اور خدمات سرانجام دے رہے ہیں قبل ازیں وہ صوبے کے مختلف اضلاع میں بطور ڈپٹی کمشنر کام کر چکے ہیں انہیں اعلیٰ سرکاری عہدوں پر کام کرنے کا وسیع تجربہ حاصل ہے بلوچستان میں ان کا شمار کافی متحرک بیوروکریٹس میں ہوتا ہے۔ محمد نعیم خان

**رپورٹ: عبداللہ شاہوانی**

بازئی نے گزشتہ دنوں ضلع آواران، لسبیلہ، حب، مستونگ اور خضدار کا دورہ کیا۔ آواران پہنچنے پر انہیں سلامی دی گئی، ڈپٹی کمشنر آواران کے دفتر کا انہوں نے وزٹ کیا اور اجلاس میں شرکت کی ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے انہیں ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیل کے ساتھ بریفنگ دی









اور عمل ہونے والے اسکیمات کے بارے میں بریفنگ دی بعد ازاں انہوں نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال، ایری گیشن کالونی سمیت مختلف اسکیموں اور فٹبال گراؤنڈ، آواران گرڈ اسٹیشن ایچ آر اے آفس کا معائنہ اور دورہ کیا۔ کمشنر قلات ڈویژن نے ضلع حب کا ایک سے زائد بار دورہ کیا انہوں نے مستونگ کا بھی تفصیلی دورہ کیا دورہ مستونگ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ مستونگ میں قیام امن صحت تعلیم پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں تمام محکموں کے سربراہان عوام کی فلاح و بہبود اور ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کریں محکمے کے سربراہ عوام کے خدمت گار ہوتے ہیں جب تک ہم اپنے آپ میں تبدیلی نہیں لائینگے اس وقت تک کسی معاشرے اور علاقے کی ترقی ممکن نہیں انہوں نے کہا کہ تمام محکموں کے سربراہ اپنے فرائض منصبی احسن طریقے سے انجام دیں صحت تعلیم اور امن

امان پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے اور نہ ہی کوئی کوتاہی برداشت کرینگے۔ دریں اثناء گزشتہ ہفتے کمشنر قلات ڈویژن محمد نعیم خان بازئی کی زیر صدارت ڈویژن میں شامل اضلاع کی سیکورٹی صورتحال اور لینڈ ریونیو سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈپٹی کمشنر خضدار محمد عارف خان زرکون ڈپٹی کمشنر سوراب نجیب اللہ ترین ایڈیشنل کمشنر قلات ڈویژن نظام رحیم بلوچ موجود تھے۔ جب کہ ڈپٹی کمشنر آواران انجینئر عائشہ زہری ڈپٹی کمشنر حب روحانہ کاکڑ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ اور دیگر اضلاع کے نمائندہ آفیسرز بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شریک تھے۔ اجلاس میں ڈویژن سطح پر امن وامان لینڈ ریونیو سے متعلق مسائل کا بغور جائزہ لیا گیا اور ان کے حل کے لئے حکمت عملی مرتب کی گئی۔ نعیم خان بازئی کو ایک نئی ذمہ داری حالیہ دنوں صوبائی حکومت نے ٹیچنگ سٹاف کی تعیناتی کے حوالے سے معیار کو جانچنے کے ضمن میں دی ہے اس متعلق کمشنر قلات ڈویژن محمد نعیم خان بازئی نے جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ اس مسئلے کا تعلق بنیادی طور پر ہماری آنے والی نسلوں سے ہے ہماری کوشش ہوگی کہ حکومت نے ہمیں جو ذمہ داری دی ہے اسے نبھائیں مکمل دیانت داری سے جانچ پڑتال کرکے حقائق کی بنیاد پر رپورٹ مرتب کرکے متعلقہ ادارے کو بھیجیں شکایت کنندگان اور شارٹ لسٹ ہونے والے امیدواران تسلی رکھیں ہم کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں کرینگے جو حقائق ہونگے اسی کے مطابق فیصلہ کرینگے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6

Dated: 22 AUG 2024 Page No. 14

# بلوچستان میں مون سون کی تباہ کاریاں

## جماعت اسلامی کا ایک بار پھر مہنگائی کے خلاف ملک گیر تحریک چلانے کا اعلان، آغاز بلوچستان سے ہوگا




خلیل احمد

بلوچستان ایک بار پھر طاقتور موسمی حالت کے زیر اثر ہے۔ صوبے میں مون سون بارشوں نے ایک بار پھر تباہی مچادی، بے رحم سیلابی ریلوں نے بنتے بستے گھر منٹوں میں اجاڑ دیے۔ صوبے کے طول و عرض میں اس سال بھی شدید بارشیں ہوئیں بعض اضلاع تو اب بھی پانی میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ اس سال مون سون بارشوں کا آغاز کیم جولائی سے ہوا تھا جو کہ تاحال جاری ہے۔ ضلع صحبت پور، جعفر آباد، اوستہ محمد جھل مگسی حالیہ بارشوں سے زیادہ متاثر ہوئے ضلع صحبت پور تو اب بھی پانی میں ڈوبا ہوا ہے۔ جہاں لوگوں کے گھروں میں بھی پانی کھڑا ہے۔ لوگ کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، سیلابی ریلوں نے فصلات کو تباہ کیا، سکول، اسپتال اور انفراسٹرکچر کو تباہ کیا، مختلف اضلاع میں رابطہ پل پانی میں بہہ گئے سینکڑوں دیہات کا شہروں اور قومی شاہراہوں سے زمینی رابطہ منقطع ہوگیا ہے، نیلی مواصلات کا نظام درہم برہم ہوگیا ہے۔ سیلابی پانی کی نکاسی نہ ہونے کے سبب بعض علاقوں میں وبائی امراض کے پھیلنے کے خدشات بڑھ گئے۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے حالیہ بارشوں سے ہونے والے نقصانات کی رپورٹ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں کیم جولائی سے شروع ہونے والی مون سون بارشوں نے مختلف اضلاع میں تباہی مچادی اور ان بارشوں سے صوبے بھر میں مختلف حادثات میں 19 افراد جاں بحق اور 11 زخمی ہوئے۔ اب تک مون سون بارشوں اور سیلابی ریلوں کے باعث 417 مکانات کو نقصان پہنچا، 124 گھر مکمل منہدم اور 293 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ طوفانی بارشوں سے 197 ایکڑ پر فصلیں اور 31 کلو میٹر سڑکیں متاثر ہوئیں، 6 پلوں کو جزوی طور پر نقصان پہنچا جبکہ بارشوں کے دوران 120 مویشی ہلاک ہوئے حالیہ بارشوں سے صوبے کے 16 اضلاع شدید متاثر ہوئے ہیں جہاں امدادی سرگرمیاں جاری ہیں۔ بلوچستان حکومت کیجانب سے بارشوں اور سیلابی ریلوں سے متاثرہ اضلاع میں امدادی کارروائیں جاری ہیں مگر بڑے پیمانے پر متاثرین کا کہنا ہے کہ تاحال ان تک حکومتی امداد نہیں پہنچ سکی ہے۔ ضرارت اس امر کی ہے کہ چونکہ بلوچستان کے عوام 2022 کے سیلاب سے ہونے والے نقصانات سے نہیں نکلے تھے کہ حالیہ بارشوں نے صورتحال مزید بگاڑ دی ایسے میں حکومت کی جانب سے زیادہ تندہی اور منظم انداز میں متاثرین تک ریلیف کا سامان پہنچانا چاہئے جو لوگ بے گھر ہو گئے ہیں ان کی رہائش کا بندوبست بھی ضروری ہے۔

دوسری جانب جماعت اسلامی نے کیم ستمبر



سے بلوچستان سے احتجاجی تحریک کے آغاز کا اعلان کیا ہے 28 اگست کو مہنگائی کے خلاف ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی۔ کوئٹہ میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمن کا کہنا تھا کہ سیاسی جماعتوں میں موروثیت کی وجہ سے طاقتور قوتوں نے ہمیں ہمیشہ پارلیمانی سیاست سے باہر رکھا۔ آئین اور قانون پر عمل کرنا وزیراعظم، چیف جسٹس پاکستان اور آرمی چیف سمیت سب کی ذمہ داری ہے کہ لاپتہ افراد کے مسئلے کو فوری حل کریں کیونکہ ان کے لواحقین سراپا احتجاج ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کا 28 اگست سے ملک بھر میں ہڑتال کی کال دی ہے اس حوالے سے تاجر برادری نے بھی بھرپور حمایت کا اعلان کیا ہے سیاسی جماعتوں میں جمہوریت نہیں ہے بڑی سیاسی جماعتوں میں تاحال موروثی سیاست موجود ہے۔ جمہوریت کو اگر فروغ دینا ہے تو پہلے سیاسی جماعتیں اپنے اندر جمہوریت کو پروان چڑھائیں۔ سیاسی جماعتوں میں الیکشن نہیں ہوتے کوئٹہ بلدیاتی نظام میں درہم برہم نظر آرہا ہے اس وقت ملک بحرانوں سے دوچار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے لوگ اپنے حقوق کیلئے سڑکوں پر نکلے ہوئے ہیں۔ کوئٹہ میں لاپتہ افراد کے لواحقین سراپا احتجاج ہیں بجلی کے بھاری بھرکم بل عوام کے ساتھ ظلم ہے۔ ملک بھر میں بجلی بل ادا کرنے کی عوام میں سکت نہیں رہی اور لوگ خودکشیوں پر مجبور ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے خود اعتراف کیا ہے کہ یہ بل تاجروں اور شہریوں کیلئے ادا کرنا ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی آئی پی پیز کے خلاف جدوجہد جاری ہے۔ ملک بھر میں جماعت اسلامی نے نمائندگی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اس وقت شدید پریشانی میں ہے۔ لاپتہ افراد کو جلد منظر عام پر لایا جائے۔ آئین کو تسلیم کرنا بڑے عہدے پر بیٹھنے والوں کی سب سے زیادہ ذمہ داری ہے۔ آئین ہمیں جوڑتا ہے۔ جب ہم اسے پامال کریںگے تو کیسے آپس میں جڑے رہیں گے۔

انہوں نے کہا کہ ڈھائی ہزار افراد لاپتہ تو حکومت نے خود تسلیم کیا ہے۔ کبھی آپ نے سوچا ہے کہ لاپتہ افراد کے لواحقین کو کتنا بڑا دکھ ہے۔ لاپتہ افراد دکھ کو بڑے عہدوں پر بیٹھنے والوں کو محسوس کرنا ہوگا۔ کیونکہ لاپتہ افراد نظام کی مضبوطی اور فیور میں نہیں ہیں جس نظام کو چلاتے آئے ہیں وہ اس کے ذمہ دار ہیں۔ احتجاج کرنا سب کا حق ہے اب احتجاج سے پہلے شہر کو بند کردیا جاتا ہے۔ اسلام آباد میں ہمارے احتجاج سے پہلے انتظامیہ نے شہر کو بند کردیا احتجاج کا راستہ روکنے کے بعد آپ عوام میں نفرتیں پھیلا دیتے ہیں احتجاج کو روکنے والے ملک کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ جائز مطالبات مانے جائے لیکن ناجائز مطالبات کیخلاف ہم بھی آپ کا ساتھ دیںگے احتجاج میں خواتین پر تشدد سے نفرتیں پھیل رہی ہیں۔ سیاسی حلقوں کا کہنا ہے کہ جماعت اسلامی کا بلوچستان سے احتجاجی تحریک کا آغاز کرنا ایک سیاسی عمل تو ہے مگر بلوچستان اسلامی کو اگر اس احتجاج کو کامیابی سے ہمکنار کرانا ہے تو انہیں دیگر سیاسی جماعتوں کے حمایت بھی درکار ہوگی کیونکہ بلوچستان میں جماعت اسلامی وہ قوت نہیں ہے جو دیگر صوبوں میں ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 22 AUG 2024 Page No.


صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور انجینئر عادل ایڈیشنل چیف سیکرٹری حافظ عبدالباسط سے ملاقات کررہے ہیں


صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں


کوئٹہ صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی عوام کے مسائل سن رہے ہیں



کوئٹہ صوبائی وزیر صادق عمرانی چیف انجینئر کینال ناصر مجید کو شیلڈ دے رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. Dated: 22 AUG 2024 Page No.



آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ اور ایڈیشنل آئی جی پولیس محمد سعید خان، ایس ایس پی انویسٹی گیشن کو سید شاہ نواز اور ایس ایس پی ٹریفک کو سید بہرام مندوخیل کو 19 گریڈ میں ترقی پانے پر رینک لگا رہے ہیں


# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA


Bullet No. Dated: 22 AUG 2024 Page No.



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان لیویز فورس میں بہتری لانے کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں